Life | Window Takaful Operations



آئی جی آئی لائف-WTO

# زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان

پاکستان کی پہلی ایکٹو فیملی تکافل

**دعویٰ دستبرداری:** آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت پروڈکٹ کے حوالے سے تحریر کیا جارہا ہے۔ یہ بینک الفلاح لمیٹڈ سے گارنٹی شدہ نہیں ہے، اس کی کسی سے وابستگی نہیں ہے اور نہ ہی یہ بینک الفلاح کا پروڈکٹ ہے۔ لہذا، آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز وقف فنڈ کے ذریعے تمام انڈر رائیٹنگ خطرات کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار/ شریک تکافل اس بات کا مکمل اقرار کرتا اور سمجھتا ہے کہ بینک الفلاح آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے لیے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اور کسی بھی صورت میں زندگی پریمیر تکافل پلان، ریگولر زرتعاون پروڈکٹ اور/ یا اس سے پیدا ہونے والا کوئی بھی فائدے یا نقصان سے متعلق آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے کیئے گئے اقرارنامے کے تحت اور/ یا نمائندگی کے لیے ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔ کیا درخواست گزار/ شریک تکافل زندگی پریمیر تکافل سیونگز پلان۔ ریگولر زرتعاون پروڈکٹ کو سبسکرائب کرنے کے لیے تیار ہے، وہ اس کی/ اس کے رسک پر رضا کارانہ طور پر ایسا کرسکے گی/ کرسکے گا اور فنڈ کی سرمایہ کاری کی کارکردگی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کسی بھی تنازعات اور یا کلیم کی صورت میں بینک الفلاح ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا جو کہ درخواست گزار/ شریک تکافل اور/ یا کوئی بھی دیگر وجوہات سے حاصل زرتعاون پر مشتمل ہے۔ پلان میں شامل، زرتعاون مذکورہ بالا فنڈ پر انویسٹ کیا گیا ہے اور ضروری نہیں ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی پر اثر انداز ہو۔ کی جانے والی پیش گوئی ضروری نہیں مستقبل یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کے لیے پُر اثر ثابت ہو اور نہ ہی آئی جی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز یا بینک الفلاح اس کے لیے ذمہ دار ہونگے۔ تکافل رکنیت سے متعلق تمام کلیم، چارجز اور ادائیگیاں صرف اور صرف آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی خصوصی ذمہ داری ہے۔ تاہم، سروس چارجز اور ٹیکس متعلقہ حکام کے ذریعے بینک کے ''چارجز کے شیڈول'' اور ٹیکس کے قوانین کے مطابق لاگو ہونگے۔ آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کے مطابق سرمایہ کاری کرتی ہے اور آپ کے ممبرشپ اکاؤنٹ کی ویلیوز آپ کی منتخب کردہ حکمت عملی کی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی آمدنی میں اتار چڑھاؤ یا کمی واقع ہوسکتی ہے اور اصولی، سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدنی اور اصل پلان کی مدت کی تکمیل یا اندازاً بتائے گئے منافع کی کوئی ضمانت نہیں ہے اور یہ متوقع اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔ چنانچہ، انویسٹمنٹ رسک شریکِ تکافل کی جانب سے برداشت کیا جائے گا۔

Life | Window Takaful Operations

آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز: ساتویں منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن، کراچی۔ 75600، پاکستان۔

UAN: 111-111-711 (+92-21) ٹیلی فون: 35360040 (+92-21) فیکس: 35290042 (+92-21)

ای میل: vitality@igi.com.pk ویب: www.igilife.com.pk

**اہم اطلاع:** پاکستان میں آئی جی آئی وائیٹیلٹی سروسز آئی جی آئی لائف کی ڈسکوری وائیٹیلٹی پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری میں پیش کی جارہی ہیں۔

یہ ساؤتھ افریقہ میں مجاز کردہ فنانشیل سروسز ہیں اور اس کا رجسٹریشن نمبر 1999/007736/07 ہے۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

''تمام خوشیوں کی بنیاد اچھی صحت ہے''۔ Leigh Hunt

صحت مند رہنے کی اہمیت سے ہم سب واقف ہیں، لیکن ہم میں سے بیشتر کو اس خواہش کو پورا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے آپ کو صحت مند بنانے کے لیے جنوبی افریقہ میں قائم وائٹیلیٹی سے وابستگی قائم کی ہے۔ ہمارا زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان نہ صرف آپ کے مالی مستقبل کو تحفظ فراہم کرے گا ، بلکہ یہ مربوط وائٹیلیٹی پروگرام کے ذریعے آپ کو صحت مند رہنے کے لیے بھی انعام دیتا ہے۔

ہم آپ کو دنیا بھر میں موجود 8.9 ملین سے زائد ممبروں کی فہرست میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں، جو اپنے آپ کو صحت مند بنانے، اسے بڑھانے اور اپنی زندگی کی حفاظت کے لیے وائیٹلیٹی استعمال کرتے ہیں۔

**پراڈکٹ کی وضاحت:** یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے جو دو بنیادی عناصر یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس پراڈکٹ کی سرمایہ کاری اس فنڈ کی کارکردگی سے مشروط ہے جس میں اس فنڈ کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

## آئی جی آئی لائف WTO زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان

زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان ایک عمدہ سرمایہ کاری پلان ہے جو کہ وائٹیلیٹی کے تندرستی پروگرام سے منسلک ہے۔ یہ باہمی اقدار تکافل ماڈل پر مبنی ہے۔ یہ پلان آپ کو صحت مند زندگی گزارنے کی طرف مائل کرتا ہے اور ایسا کرنے سے آپ کو پرکشش انعامات بھی پیش کرتا ہے۔

یہ پلان دو بنیادی پہلوؤں پر مشتمل ہے:

**وائٹیلیٹی** : یہ آپ کی موجودہ صحت کی صورت حال کو سمجھتے ہوئے تندرستی پر توجہ دیتی ہے اور صحت میں بہتری لانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

**تکافل تحفظ** : آپ کے مالی تحفظ کی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور سرمایہ کاری مواقع فراہم کرتا ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ایکچوریئل سائنس کے جدید تصورات پر مبنی باہمی تعاون اور مدد فراہم کرنے کا قدیم اسلامی تصور ہے۔ جس کے لیے شرعی مشیر کی نگرانی میں انڈر رائیٹنگ اور سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ یہ شریعت کے مطابق وفات یا معذوری کی صورت میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا ایک طریقہ ہے۔

## فری لُک دورانیہ

اگر آپ شریک تکافل کے دستاویز کی وصولی کی تاریخ سے 14 روز کے فری لُک دورانیہ میں اپنی رکنیت کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا زرتعاون مکمل واپس کر دیا جائے گا۔ واپس کی گئی رقم میں سے آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے۔



## آئی جی آئی ونڈو تکافل آپریشنز وائیٹیلٹی دوسری روایتی فیملی تکافل سے کس طرح مختلف ہے؟

| دیگر روایتی فیملی تکافل | آئی جی آئی لائف WTO زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان |
|---|---|
| ایک جیسی پروڈکٹس (فیملی تکافل ممبرشپ) | مختلف تکافل پلان + صحت مند اور چست طرزِ زندگی |
| طویل المدت سرمایہ کاری، کوئی مختصر المدت فوائد نہیں | طویل المدت سرمایہ کاری + ہفتہ وار بنیاد پر ایکٹو لائف اسٹائل کے انعامات + ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک* + سالانہ انعامات* |
| شریک تکافل کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ | شریک تکافل کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ + شریک تکافل کا بہتر صحت مند اور چست طرزِ زندگی |
| موبائل ایپلی کیشن صرف ممبرشپ کی تفصیلات اور عام معلومات فراہم کرتی ہے | Mobile-led اسٹریٹجی، IGI لائف وائٹیلیٹی ایپلی کیشن ڈیوائس کے ساتھ منسلک ہے۔ |
| صحت پر توجہ مرکوز نہیں کی جاتی | بذریعہ وائٹیلیٹی ہیلتھ چیک اسکریننگ اسسمنٹ سے صحت پر توجہ مرکوز رکھی جاتی ہے + وائٹیلیٹی ہیلتھ ریویو + وائٹیلیٹی نیوٹریشن اسسمنٹ + نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD) + وائٹیلیٹی ایج |
| صرف سالانہ لین دین کے سبب آپ کا پروڈکٹ کے ساتھ تعلق واجبی رہتا ہے | ہفتہ وار سرگرمیوں کے سبب، آپ کا تعلق IGI لائف کے ساتھ مضبوط سے مضبوط تر رہتا ہے۔ |
| وفات کے خوف، مریض / جسمانی نقص پر توجہ | صحت مند اور چست و توانا زندگی پر توجہ |

*شرائط و ضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کو تجویز کیا جاتا ہے کہ ڈیوائس ہمیشہ پہن کر رکھیں لیکن آپ کا موبائل بھی آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے، اس کے لیے لازمی ہے کہ آپ کے پاس اینڈرائڈ کی صورت میں ویریبل ڈیوائس ہیلتھ ایپ اور iOS کی صورت میں ہیلتھ ایپ موجود ہو۔ مزید تفصیلات کے لیے 711-111-111 (21-92+) UAN پر رابطہ کریں۔ شرائط و ضوابط لاگو ہیں۔

## موبائل فون کے زیرِ انتظام حکمتِ عملی

یہ پروگرام شیئرڈ ویلیو پر مبنی ہے جو آپ کو اچھی صحت برقرار رکھنے پر انعامات اور فوائد دیتا ہے۔ یہ آپ کو تین اہم نقات پر مبنی صحت مند طرزِ زندگی کے لیے طریقہ کار، معلومات اور حوصلہ افزائی دیتا ہے۔

- اپنی صحت کے بارے میں جانیں
- اپنی صحت بہتر بنائیں
- فوائد سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائٹیلٹی ایپ کے ذریعے آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے فٹنس کے اہداف حاصل کرتے ہیں اور ان اہداف کے حصول پر انعامات کے حقدار بھی قرار پاتے ہیں۔ آپ IGI لائف وائٹیلٹی ایپ کو اپنے اینڈرائڈ یا iOS موبائل ڈیوائس* پر ڈاؤن لوڈ کر کے اپنا ID اور پاس ورڈ استعمال کرتے ہوئے اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں جو کہ آپ کو تکافل رکنیت میں شمولیت کے بعد ویلکم ای میل میں فراہم کیا جائے گا۔

### 1۔ اپنی صحت کے بارے میں جانیں

- وائٹیلٹی ہیلتھ چیک (VHC)
- وائٹیلٹی ہیلتھ ریویو (VHR)
- وائٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)
- نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD)
- وائٹیلٹی اتیج (VA)




### 2۔ اپنی صحت بہتر بنائیں

- فزیکل ایکٹویٹی پوائنٹ حاصل کریں اور ہفتہ وار انعامات حاصل کریں۔
- اپنی صحت کو جاننے کے سیکشن میں وصول ہونے والے پوائنٹس کو مکمل کریں، جسمانی سرگرمیاں پوری کرتے ہوئے ہیلتھ رینج میں شامل ہوں۔

وائٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ 4 درجات پر مشتمل ہے۔

- برونز
- سلور
- گولڈ
- پلاٹینم

### 3۔ فوائد سے لطف اندوز ہوں

- ہفتہ وار انعامات/فوائد

ایزی ٹکٹس موبائل ری چارج

فوڈ پانڈہ

- ماہانہ فوائد

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کیش بیک

- سالانہ فوائد

مکمل فوائد***

*شرائط وضوابط لاگو ہیں ***شرائط وضوابط سے متعلق ''سالانہ فوائد (مکمل فوائد)'' میں درج ہے۔



## اپنی صحت کے بارے میں جانیں

اس حصے 'اپنی صحت کے بارے میں جانیں' کے ذریعے آپ ان خطرات کے بارے میں جان سکتے ہیں جو آپ کی صحت کو لاحق ہیں یا لاحق ہو سکتے ہیں۔

### وائٹیلٹی ہیلتھ چیک (VHC)

وائٹیلٹی ہیلتھ چیک تحفظ کے لیے اہم بنیادی صحت کے ٹیسٹ اور اسکریننگ کا ایک سیٹ ہے جیسے باڈی ماس انڈیکس (بی ایم آئی)، بلڈ گلوکوز، بلڈ پریشر اور ٹوٹل کولیسٹرول وغیرہ۔

### وائٹیلٹی ہیلتھ ریویو (VHR)

وائٹیلٹی ہیلتھ عمومی صحت، معاشرتی طرزِ زندگی کی، سوشل اور لائف اسٹائل کی عادات کا جائزہ لینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

### وائٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)

وائٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ سوالنامہ مندرجہ ذیل تین سیکشن پر مبنی ہے۔

- **روزمرہ کا کھانا**

آپ کا روزمرہ کا کھانا کیا ہے اور اس کھانے کی ترتیب کیا ہے؟

- **طرزِ زندگی کا انتخاب**

آپ کے طرزِ زندگی کی کونسی عادات ایسی ہیں جو آپ کے کھانے پینے کے انتخاب پر اثر انداز ہوتی ہیں؟

- **کھانے پینے کی چوائس**

غذائیت اور اجزاء کے لحاظ سے آپ کے کھانے کی ترجیحات کیا ہیں؟

اس سوالنامے کو مکمل پُر کرنے کے بعد، آپ کو اپنے کھانے پینے کی عادات میں بہتر غذائیت کے استعمال کے مشورے دیئے جائیں گے۔


### نان۔اسموکر ڈیکلریشن (NSD)

نان اسموکر کے پوائنٹس حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آپ شرائط وضوابط میں درج نکات کے عین مطابق تمباکو پر مبنی پروڈکٹس کا استعمال نہ کرتے ہوں۔

### Vitality Age (وائٹیلٹی عمر)

آپ کی وائٹیلٹی عمر دراصل آپ کی صحت کا مجموعی جائزہ لینے کے بعد واضح کی جائے گی، لازمی نہیں ہے کہ آپ کی وائٹیلٹی عمر آپ کی طبعی عمر سے مطابقت رکھتی ہو۔

*ٹیسٹ کے اصل نتائج ایپلی کیشن کے ذریعے اپ لوڈ کیے جاتے ہیں۔



## اپنی صحت بہتر بنائیں

یہ حصہ آپ کو جسمانی سرگرمیوں تک رسائی مہیا کرتے ہوئے صحت کو بہتر بنانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ آپ کی موجودہ طبی صورتحال کے مطابق، آپ کو ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کے ہدف مہیا کیے جائیں گے اور بعدازاں اُن سرگرمیوں کو پورا کرنے پر آپ کو انعام دیا جائے گا۔*

ہم آپ کو تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے wearable ڈیوائس کا انتخاب کریں جس میں پہلے سے پیڈومیٹر اور ہارٹ ریٹ مانیٹر موجود ہوتا ہے۔ براہِ مہربانی آپ صرف اسی ڈیوائس کا انتخاب کریں جس کی نشاندہی شرائط وضوابط میں درج ہے۔




*مزید تفصیلات کے لیے ہمارے UAN 711-111-111 (21-92+) پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کا موبائل ویریبل ڈیوائس ہیلتھ ایپ (جو کہ اینڈرائڈ پر دستیاب ہے) اور ہیلتھ ایپ (جو کہ iOS پر دستیاب ہے) کے ذریعے آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے۔



## انعامات سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائیٹیلٹی ہفتہ وار اور سالانہ انعامات/فوائد کے ذریعے آپ کو ایک صحت مند طرزِ زندگی گزارنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

### • ہفتہ وار انعامات

اپنا ہفتہ وار جسمانی سرگرمی کا ہدف حاصل کریں اور 500 روپے قیمت کا موبائل ٹاپ اپ واؤچر منتخب کریں یا فوڈ پانڈا کا 500 روپے ڈسکاؤنٹ واؤچر حاصل کریں۔

دونوں واؤچرز آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی ایپلیکیشن پر دستیاب ہیں۔

### • ماہانہ انعامات

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کا کیش بیک۔

### • سالانہ انعام (Integrated Benefit)

آپ اپنے وائیٹیلٹی اسٹیٹس کی بنیاد پر ہر ممبرشپ کے سال کی تکمیل پر جمع شدہ انعام کے حقدار ہوتے ہیں۔ یہ فوائد ہر سال جمع ہوتے ہیں اور ممبرشپ کی پانچویں سالگرہ پر آپ کے اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردیئے جاتے ہیں۔





*شرائط وضوابط لاگو ہیں

## سالانہ وائیٹیلٹی اسٹیٹس

اپنی صحت کی موجودہ صورتحال جاننے کے لیے آپ وائیٹیلٹی پوائنٹس کمائیں اور اپنی صحت کو مزید بہتر بنانے کی جانب قدم بڑھائیں۔

آپ جیسے جیسے پوائنٹس کماتے جاتے ہیں، آپ بہتر وائیٹیلٹی اسٹیٹس حاصل کرتے جاتے ہیں۔

### وائیٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ میں چار درجات ہیں۔





### ہیلتھ اسکریننگ کے ذریعے وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں۔

| | اپنی صحت کے بارے میں جانیں | پوائنٹس | +60 پر بونس پوائنٹس | پوائنٹس ایلوکیشن کی تعداد | پوائنٹس کی حد (رکنیت کا ہر سال) |
|---|---|---|---|---|---|
| تشخیص | وائیٹلٹی ہیلتھ ریویو | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| | وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ | 500 | 0 | سالانہ | 500 |
| | نان اسموکر ڈیکلریشن | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| اسکریننگ اینڈ پریوینشن | وائیٹلٹی ہیلتھ چیک | ہر حصے میں 1,250 صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے 2,500 | صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے ہر حصے میں 1,250 | سالانہ | 15,000 - under 60<br>20,000 - over 60 |
| ٹوٹل وائیٹیلٹی پوائنٹس | | | | | 17,500 - under 60<br>22,500 - over 60 |

* آپ 2,500 پوائنٹس حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ کے وائیٹلٹی ہیلتھ چیک ٹیسٹ صحت مندی کے زمرے میں آتے ہوں۔



## جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں




| دل کی دھڑکن* | دورانیہ اور دل کی دھڑکن | حاصل کیے گئے پوائنٹس | Over 60 years of age |
|---|---|---|---|
| اعتدال میں (+60) | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 20 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 0 | 50 Booster points |
| اعتدال | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 100 | 50 Booster points |
| سخت ورزش | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 70 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 200 | 50 Booster points |
| | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 200 | 50 Booster points |
| زیادہ دورانیہ کی سخت ورزش | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 70 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 60 منٹ سے زائد کی جسمانی سرگرمی | 300 | 50 Booster points |
| | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 90 منٹ سے زائد کی جسمانی سرگرمی | 300 | 50 Booster points |





## ویئرایبل ڈیوائس کیش بیک

آپ کے ماہانہ آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی پوائنٹس کا ٹارگٹ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو ہر ماہ کتنی جسمانی سرگرمی کی ضرورت ہے۔اپنے ماہانہ پوائنٹس کے ہدف کو حاصل کریں اور پروگرام کے ذریعے ویریبل ڈیوائس پر قابل اطلاق فیصد کیش بیک حاصل کریں۔




آپ 24 ماہ کی مدت میں اپنے ماہانہ جسمانی سرگرمی کے اہداف پورے کرنے کے بعد ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک حاصل کرنے کے مجاز ہو سکتے ہیں۔مذکورہ بالا ڈسکاؤنٹ صرف آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی کے ممبرز کے لیے دستیاب ہے۔آپ دل کی دھڑکن کو ٹریک کرنے کے لیے اپنی ڈیوائس استعمال کر سکتے ہیں: تاہم، کیش بیک صرف بذریعہ پروگرام خریدی کی ویریبل ڈیوائس پر ہی دستاب ہے۔

# IGIلائف وائیٹلٹی میں شریک تکافل/تکافل ممبر کا سفر

علی کو فیملی تکافل کا خاندان کے تحفظ کے ساتھ اچھی صحت پر انعام ملنے کا تصور بہت اچھا لگا۔ اس نے مزید معلومات کے لیے قریبی برانچ وزٹ کی۔

علی نے پلان کے لیے سائن اپ کیا اور اسے ویلکم کٹ موصول ہوئی۔

علی ڈیوائس پر ماہانہ قیمت کی واپسی حاصل کرنا چاہتا ہے اس لیے اس نے بھی ویرایبل ڈیوائس خریدی۔

اس نے IGIلائف وائیٹلٹی ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیا ور رجسٹریشن مکمل کی۔ اس نے ویرایبل ڈیوائس وائیٹلیٹی ایپ کے ساتھ منسلک کی تا کہ روزمرہ جسمانی سرگرمیاں مسلسل شمار ہوسکیں۔ جس کے بعد وہ اپنی کم قیمت پر حاصل کی گئی

علی کی شروعات Bronzeلیول سے ہوئی۔

علی نے اپنا آن لائن میڈیکل چیک اپ مکمل کیا اور کچھ پوائنٹس حاصل کیے۔

وائیٹلٹی ہیلتھ ریویو پوائنٹس 1000

وائیٹلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ کے 500 پوائنٹس۔ اس طرح ٹوٹل 1500 پوائنٹس ہوئے۔

چار اہم حصوں کے لیے وائیٹلٹی ہیلتھ چیک، ہر حصے کے لیے اس نے 1250 پوائنٹس حاصل کیے یعنی کہ چاروں حصوں کے ملا کر 5000 پوائنٹس ہوئے اور مجموعی ٹوٹل 6500 ہوا۔

چونکہ علی کے تمام نتائج بہترین رینج میں ہیں اس لیے اسے اہم حصے کے لیے 2500 اضافی پوائنٹس دیئے جائیں گے۔ اس طرح اسے صرف چار اہم حصوں پر 10,000 پوائنٹس حاصل ہوئے۔

علی نے VHC سے مجموعی طور پر 15,000 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں۔ علی کا ابھی تک کے لیے گرینڈ ٹوٹل 16,500 ہو چکا ہے۔

نان اسموکر ڈیکلریشن کے 1,000 پوائنٹس۔ ٹوٹل پوائنٹس 17,500 ہوئے۔

علی نے چونکہ 17,500 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں اس لیے اس کا لیول Silver ہو چکا ہے۔

نتائج کی بنیاد پر علی کی وائیٹلیٹی عمر 33 سال ہے۔

اب علی ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کا ہدف حاصل کرتا ہے اور انہیں پورا کرنے کے لیے محنت کرتا ہے۔

علی نے اپنا ہفتہ وار ٹارگٹ پورا کرلیا ہے اور اب اسے اختیار حاصل ہے کہ وہ دستیاب انعامات میں سے اپنے لیے انعام کا انتخاب کرے۔ ایزی ٹکٹ موبائل اضافی ضمنی زرِتعاون پر 500 روپے کا واؤچر یا فوڈ پانڈا (500 روپے مالیت کا ڈسکاؤنٹ کوڈ)

علی نے موبائل ٹاپ اپ کے لیے ایزی ٹکٹ کا انتخاب کیا اور اپنے دوست دوستوں اور گھر کے افراد کو فون کرنے کا لطف اٹھاتا ہے۔

دوسرے ہفتے میں بھی علی نے اپنا ٹارگٹ پورا کیا اور اس بار علی نے فوڈ پانڈا کے ڈسکاؤنٹ کوڈ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے صحت مند کھانا انجوائے کیا۔

علی نے اس ماہ کے اختتام تک اپنا ماہانہ ٹارگٹ پورا کرلیا جس پر علی نے ویریبل ڈیوائس پر کیش بیک حاصل کیا۔

علی نے آئندہ 5 ماہ تک اپنا صحت مند طرزِ زندگی برقرار رکھا، جس کے نتیجے میں اس کے مجموعی پوائنٹس بڑھ کر 20,000 ہوگئے اور علی کا لیول GOLD ہوگیا۔

PLATINUMاسٹیٹس کی بنیاد پر، علی نے اپنے زرتعاون کا ایک فیصد سالانہ اضافی فوائد کے طور پر حاصل کیا۔

علی نے 7 کلوگرام وزن میں کمی کا ٹارگٹ پورا کرلیا ہے اور اب اس کی وائیٹلیٹی عمر 30 سال ہوچکی ہے۔

دوسال کے اختتام تک علی نے ہمیشہ اپنے ماہانہ ٹارگٹ پورے کئے ہیں، لہذا اس نے ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد کیش بیک حاصل کیا ہے۔ وہ اب اس پروگرام ذریعے نئی ویریبل ڈیوائس خریدنے کے لیے بھی تیار ہے جس پر وہ 24 مہینوں تک مسلسل کیش بیک حاصل کرتا رہے گا۔

علی کو اپنی IGIلائف وائیٹلٹی پالیسی کے پانچ سال مکمل ہونے پر، سالانہ اضافی فوائد کا اماؤنٹ حاصل ہوگا جو کہ علی کی ممبر شپ کے اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں گے۔ اب تک، کیونکہ اس نے ہمیشہ اپنے ٹارگٹس کو پورا کیا ہے اور اس نے 2 سیم سنگ واچز پر کیش بیک بھی حاصل کیا ہے، اب وہ تیسری واچ سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔




*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان کے لیے مجتمع فوائد

IGIلائف وائیٹیلٹیWTO مجتمع ممبرشپ کی ہر پانچویں سالگرہ کے موقع پر، ایک اضافی رقم (زرتعاون کا %)اس کی شرائط وضوابط کے تحت بطور وائیٹیلٹی مجتمع فائدہ اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ میں ادا کیا جاتا ہے۔ مجتمع فائدہ، جوکہ IGIلائف وائیٹیلٹی کی موجودہ کیفیت اور بنیادی مجموعی زرتکافل کے مختلف اختیارات کی بنیاد پر سال مکمل ہونے پر واجب الادا ہوتا ہے اور پانچ سال بعد ادا کیا جاتا ہے۔

## بنیادی مجموعی زرتکافل سے کیا مراد ہے؟

یہ رقم بمعہ کسی بھی دوسرے قابلِ اطلاق فوائد کے، ممبرشپ شریکِ تکافل کی وفات پر واجب الادا ہوتی ہے۔ بنیادی زرتعاون کا ملٹی پل ہوتا ہے۔ شریکِ تکافل ہولڈر کو درج ذیل ملٹیپلز پیش کیے جاتے ہیں:

| عمر | زرتعاون کے ملٹی پل* | |
|---|---|---|
| | کم سے کم | زیادہ سے زیادہ |
| 55 سال تک | 5 | 75 |
| 56 سے 60 | 5 | 15 |
| 61 سے زائد | 5 | 5 |

* دعوائے دستبرداری: مذکورہ بالا ملٹی پلز پر شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## اکاؤنٹ ویلیو سے کیا مراد ہے؟

اکاؤنٹ ویلیو سے مراد وہ رقم ہے جس کے مساوی ممبرشپ میں سرمایہ کاری کردہ حصہ ہوتا ہے۔ درج ذیل جدول IGIلائف وائٹلٹی مجتمع فوائد کی شرح کو ظاہر کرتا ہے:

| سم کورڈ ملٹی پل | اسٹیٹس: برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
|---|---|---|---|---|
| 5 to 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 to 20 | 0.0% | 2.0% | 4.0% | 9.0% |
| 21 اور اس سے زائد | 0.0% | 4.0% | 8.0% | 18.0% |



## پلان کے بنیادی فوائد

☆ آپ کو سرپلس فنڈ زبطور اضافی ضمنی زرِتعاون زرتعاون جمع کرنے کا اختیار حاصل ہوگا، مزید یہ کہ ماہانہ انعامات اور وائیٹیلٹی اضافی فوائد شرائط وضوابط کے تحت اضافی ضمنی زرِتعاون کرادیے جائیں گے۔

☆ **وفات پر فائدہ:** وفات کی صورت میں، پارٹیسپنٹ سرمایہ کاری اکاؤنٹ (شرکاء سرمایہ کاری فنڈ) میں اکاؤنٹ ویلیو یا سم کورڈ کا بھی زیادہ ہو بمعہ اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ کی مجتمع اکاؤنٹ ویلیو اور اضافی فوائد کے، جوکہ پہلے سے اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ ویلیو کے لیے واجب الادا نہ ہو، ادا کیا جائے گا۔

☆ **معیاد کی تکمیل پر فائدہ:** پارٹیسپنٹ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کا 100 فیصد، اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ کی مجتمع فائدے اور اضافی فوائد کے ساتھ، جوکہ پہلے سے اضافی ضمنی زرِتعاون کے لیے واجب الادا نہ ہو، تکمیلِ میعاد پر ادا کیا جائے گا۔

☆ **اضافی یونٹ کی تخصیص:** جتنا زیادہ عرصہ ممبرشپ جاری رہے گی، فوائد بھی اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔ پلان، چھٹے سال سے آغاز کرتے ہوئے اضافی یونٹ کی تخصیص کی پیشکش کرتا ہے۔ اضافی یونٹ کی تخصیص اس طرح ہوگی:

### اضافی یونٹ کی تخصیص

| 6 اور اس سے آگے | بنیادی زرتعاون کا 3 فیصد |
|---|---|

☆ **تحفظ کی ترتیب:** زرتعاون کی ادائیگی نہ کرپانے کی صورت میں، تب بھی آپ اُس وقت تک ممبرشپ کے اہل ہوں گے جب تک کہ آپ کی شرکاء سرمایہ کاری فنڈ ویلیو یا کیش سرینڈر ویلیو آپ کی ممبرشپ کے لیے ادا کردہ چارجز کی ادائیگی کے لیے کافی ہو۔ زرتعاون کی عدم ادائیگی پر پانچ سال کی مدت کے لیے اضافی فوائد اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ میں نہیں جمع کرائیں جائیں گے۔ اضافی فوائد کی صورت میں ممبر کو چاہیے زرتعاون کی ادائیگی وقت پر کرے یا پیشگی ادائیگی کرے۔

## سرپلس کی تقسیم

تکافل فنڈ کے شریکِ تکافل وقف(Waqf) کی شرائط وضوابط کے تحت سرپلس کی شکل میں فنڈ کے شیئر کے حقدار ہوسکتے ہیں۔
سرپلس استحقاق تکافل پلان کے روایتی فوائد کے علاوہ ہے۔آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہر سال کے اختتام پر بشمول شریعہ مشیر اور مقرر ایکچوریل کے مطلوبہ منظوری کے ساتھ سرپلس (اگر کوئی ہے) کا حساب لگاتے ہیں۔

## لازم اضافی فائدہ:

**صحت افزاء**: بیماری یا حادثے کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے جس کی بدولت مریض کے سالانہ 250,000 روپے کے اخراجات پورے ہوتے ہیں۔

## کون سے اضافی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں؟

مذکورہ بالا روایتی فوائد کے علاوہ، آپ اس پلان کے تحت کئی اضافی فوائد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ فوائد اوران کی متعلقہ تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں:

☆ **زرتعاون کی ادائیگی میں چھوٹ۔معذوری WoC:** سپلیمنٹری رائیڈر کی مدت پوری ہونے تک شریکِ تکافل کی مستقل معذوری کی صورت میں مستقبل کے لیے زرتعاون میں چھوٹ فراہم کرتا ہے۔ یہ فائدہ انفرادی پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **تحفظ کے اضافی فائدے ABP:** شریکِ تکافل کی حادثاتی یا غیر حادثاتی وجوہات کی بنا پر واقع ہونے والی موت پر قابل ادا فوائد کو بڑھاتا ہے۔ **بنیادی ممبرشپ** کے تحت وفات کی صورت میں ادا کئے جانے والے کسی بھی دیگر فوائد کے ساتھ ABP سم کورڈ کی ادائیگی ایک ہی یکمشت قسط میں کی جائے گی۔ یہ فائدہ انفرادی پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **انکم بینیفٹ۔وفات:** شریکِ تکافل کی وفات کے بعد سپلیمنٹری بینیفٹ کی منتخب کردہ میعاد کے اختتام تک ماہانہ انکم بینیفٹ فراہم کیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **انکم بینیفٹ۔معذوری :** شریکِ تکافل کی مستقل کلی معذوری کے بعد سپلیمنٹری بینیفٹ کی منتخب کردہ میعاد کے اختتام تک ماہانہ انکم بینیفٹ فراہم کیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

☆ **حادثاتی موت کے فائدے:ADB** شریکِ تکافل کی حادثاتی موت کی صورت میں یکمشت رقم کی ادا کرتا ہے۔ حج/عمرے کے ادائیگی کے دوران ہونے والی اموات کی صورت میں ADB بینیفٹ کسی اضافی زرتعاون کے بغیر دوگنا کردیا جائے گا۔ یہ فائدہ انفرادی پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

ہر اختیاری سپلیمنٹری بینیفٹ پر اضافی زرتعاون چارج کیا جائے گا۔



## سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کے انتخاب کی سہولیات کیا ہیں؟

آپ کو درخواست میں یونٹس کی خریداری کے لیے اپنی مرضی کے مطابق زرتعاون کی شرحِ تخصیص کا اظہار کرتے ہوئے، سرمایہ کاری کی ہر حکمتِ عملی میں، خود اپنی سرمایہ کاری کے ذرائع کے انتخاب کا موقع دیا جائے گا۔ آپ کو درج ذیل ذیلی اکاؤنٹس پیش کیے جائیں گے:

| آئی جی آئی تکافل محتاط فنڈ |
| --- |
| فنڈ کی نوعیت: انکم فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): کم |
| اس فنڈ کے اثاثہ جات میں شریعت کے مطابق حکومتی اور/ یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری شامل ہے۔اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ میں بہت کم سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 100% |

| آئی جی آئی تکافل متوازن فنڈ |
| --- |
| فنڈ کی نوعیت: متوازن فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): اوسط |
| اس حکمتِ عملی کے تحت شریعت کے مطابق اسٹاک، حکومتی سیکیورٹیز اور/ یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری کے ذریعے کیپیٹل میں مستحکم بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے، اس فنڈ میں موجود اثاثہ جات کا امتزاج یہ ہے: |
| شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 0% سے 40% |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 60% سے 100% |

| آئی جی آئی تکافل جارحانہ فنڈ |
| --- |
| فنڈ کی نوعیت: جارحانہ فنڈ - تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): زیادہ |
| اس حکمتِ عملی کے تحت زیادہ تر شریعت کے مطابق شیئرز میں سرمایہ کاری کر کے طویل المدت کیپیٹل بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے۔اس فنڈ میں موجود اثاثہ جات کا امتزاج یہ ہے: |
| شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 60% سے 70% |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 30% سے 40% |

ہرحکمت عملی کےتحت آپ کے پاس سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے جیسا کہ درخواست میں درج کیا گیا ہے۔شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (شرکاءسرمایہ کاری فنڈ) میں یونٹ خریدنے کے لیے زرتعاون کا جو فیصد مختص کرنے کا چاہتے ہوں، درخواست میں لازمی درج کیا جانا چاہیے۔

آپ اپنی ضروریات اور ترجیحات کے پیشِ نظر بے شمار دستیاب سہولیات میں سے اپنی سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کا پورٹ فولیو منتخب کرتے ہوئے خود اپنی سرمایہ کاریوں کو منظّم رکھ سکتے ہیں۔آپ کو مخصوص شرائط کے تحت ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ سے دوسرے میں منتقلی کا حق بھی حاصل ہوگا۔ براہِ کرم یاد رکھیے کہ سرمایہ کاری کے ممکنہ خطرات شریکِ تکافل کی جانب سے برداشت کیے جائیں گے اور اصل تکمیلِ میعاد یا دستبرداری ویلیوز متعین کردہ اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔

## یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار

رکنیت کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔رکنیت کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے شریک تکافل کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔نئے فنڈ کو شریک تکافل کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

## اہلیت اور رکنیت کی مدت:

مجوزہ شریک تکافل کے داخلے کی کم سے کم عمر 18 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر 65 سال ہے۔رکنیت کی کم از کم میعاد 10 سال ہے جو کہ زیادہ سے زیادہ 85 سال کی حد سے مشروط ہے۔

## کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ زرتعاون کی حدود کیا ہیں؟

زرتعاون کی ادائیگی کے درج ذیل طریقۂ کار کے لیے کم سے کم قابلِ قبول زرتعاون 250,000 روپے ہے:

☆ سالانہ

☆ ششماہی

☆ سہ ماہی

زرتعاون کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں ہے؛ لہٰذا آپ اپنے مالیاتی مقاصد کی مکمل آزادی کے ساتھ منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

## یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:

کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے/تکافل رکنیت تیار کرتا ہے۔یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی زرتعاون (جو وصول شدہ زرتعاون کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی کو ظاہر کرتا ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام زرتعاون کو اُسی دن مجموعی فنڈز کے لیے اسلامک میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔



یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظر ثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی قیمت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی تکافل رکنیت کے حصول، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ شرکاء تکافل کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر روزانہ کی بنیاد پر اپڈیٹ کی جاتی ہیں اور تکافل رکنیت کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

## زرتعاون کی شرحِ تخصیص سے کیا مراد ہے؟

IGI لائف WTO وائٹیلیٹی، آپ کی سرمایہ کاری پر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے زرتعاون کی عمدہ ترین تخصیصات میں سے ایک پیش کرتا ہے۔اکاؤنٹ ویلیو کے لیے مختص کردہ زرتعاون کا تناسب یہ ہے:

### زرتعاون کی تخصیص

| رکنیت کا سال | 1 | 2 | 3 | 4 to 5 | 6 اور اس سے زائد | ٹاپ اپ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکاؤنٹ ویلیو کے لیے 100 فیصد زرتعاون کی تخصیص کی شرح | 57.5% | 80% | 95% | 100% | 103% | 100% |

## اضافی ضمنی زرِتعاون

یہ پلان ریگولر زرتعاون کا پلان ہے لیکن شریکِ تکافل شرکاء سرمایہ کاری فنڈ میں اضافی فنڈز بطور یکمشت زرتعاون جمع کر کے اضافی ضمنی زرتعاون جمع کروا سکتے ہیں۔ اضافی ضمنی زرِتعاون اماؤنٹس کہلائے جانے والے مجموعی زرتعاون کسی بھی وقت بنائے جا سکتے ہیں اور یہ رقم شریکِ تکافل شرکاء میں سرمایہ کاری کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ اضافی ضمنی زرِتعاون کے لیے کم از کم ادائیگی 250,000 روپے ہے اور زیادہ سے زیادہ پر کوئی حد نہیں۔

## وکالہ فیس (ایلوکیشن فیس) کیا ہے؟

آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز زندگی پریمیر تکافل سیونگ پلان کے زرتعاون کی شرح کے حساب سے وکالہ فیس کا ٹیبل درجِ ذیل ہے:

| رکنیت کا سال | زرتعاون کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس |
|---|---|
| 1 | 42.5% |
| 2 | 20% |
| 3 | 5% |
| 4 - 5 | 0% |
| 6 اور زائد | -3% |

## انڈیکسیشن کی خصوصیات

اگراس آپشن کا انتخاب کیا جاتا ہے تو، وائٹیلیٹی کی سالانہ ممبر شپ کا زرتعاون اور بنیادی مجموعی زرتکافل ہر سال ممبر شپ کی سالگرہ کے موقع پر بڑھایا جائے گا۔ ممبر زرتعاون میں اضافے کو تحریری طور پر نوٹس دے کر منسوخ بھی کرسکتا ہے اور بغیر اضافے کے زرتعاون کی ادائیگی کرسکتا ہے۔ اگر ممبر نے کسی ممبر شپ کی سالگرہ پر اضافے کو منسوخ کرتا ہے تو وہ شمارہ سازی کی سہولت سے محروم کردیا جائے گا۔

5 سالہ مدت کے دوران انڈیکسڈ ممبر شپ میں مجتمع فائدے کا حساب اس مدت کے دوران ادا کئے جانے والے کم سے کم زرتعاون کے ذریعے لگایا جائے گا۔

## کیا کوئی فری لُک میعاد بھی ہے؟

اگر آپ بیس ممبر شپ کی متعین کردہ ممبر شپ دستاویز کے تحت فری لُک میعاد کے اندر اندر اپنی وائٹیلیٹی انٹی گریٹڈ ممبر شپ کو منسوخ کرتے ہیں، تو آپ کی وائٹیلیٹی ایکٹو ممبر شپ منسوخ کردی جائے گی۔ اگر رکن فرد نے فری لُک میعاد کے دوران، کوئی بھی فعال فوائد (ایکٹیو ریوارڈز) حاصل کئے ہوں یا نہ کئے ہوں، تو ایک ماہ کی وائٹیلیٹی فیس واپس کردی جائے گی۔

## کیا میں کسی بھی وقت اپنی وائٹیلیٹی فعال رکنیت کو منسوخ کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کسی بھی وقت اپنی وائٹیلیٹی فعال رکنیت کو منسوخ کرسکتے ہیں، تاہم ایک بار رکنیت منسوخ ہونے کے بعد، آپ کو وائٹیلیٹی کی رکنیت میں دوبارہ شمولیت اختیار کرنا ہوگی۔

## کیا میں اپنی پالیسی سے کسی بھی وقت دستبردار ہوسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کی رکنیت نافذ العمل رہنے کے بعد آپ کسی بھی وقت اپنی اکاؤنٹ ویلیو میں موجود تمام یونٹس کو کیش کروانے کا حق رکھتے ہیں۔ اس صورت میں، یونٹس کو بولی کے نرخ پر کیش کیا جائے گا اور رکنیت معطل ہوجائے گی۔ دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی فیس چارج کی جائے گی۔ وائٹیلیٹی انٹی گریٹڈ ممبر شپ سے مکمل دستبرداری کی صورت میں، مجتمع فائدے دستبرداری کی تاریخ تک حاصل کئے جاسکتے ہیں، اور پہلے ہی سے اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ میں جمع نہ کرائی جانے والی رقم قابل ادا نہیں ہوگی۔

## کیا میں اپنی ممبر شپ سے فنڈز نکال سکتی یا سکتا ہوں؟

ذیلی اکاؤنٹ/اکاؤنٹس میں یونٹس کی محدود تعداد کو کیش کرواتے ہوئے، اکاؤنٹ ویلیو کو جزوی طور پر نکالا جاسکتا ہے۔ نکالی گئی رقم کو مستقل طور پر نکالی گئی رقم تصور کیا جاتا ہے اور اس کی دوبارہ ادائیگی نہیں کرنا ہوتی۔ جزوی طور پر نکالی گئی رقم کے باعث، وفات پر حاصل شدہ فائدے میں جزوی نکالی گئی رقم کے مساوی تخفیف ہوجائے گی۔ ہر جزوی نکالی جانے والی رقم پر پروسیسنگ فیس کا بھی اطلاق ہوگا۔ جزوی دستبرداری کی صورت میں، مجتمع فائدہ اضافی ضمنی زرِتعاون اکاؤنٹ میں اُس پانچ سالہ میعاد کے لیے ادا نہیں کیا جائے گا۔



جزوی دستبرداری کے لیے رقم نکالنے کی صورت میں وفات کے فائدے کم ہوجاتے ہیں۔

مثال کے طور پر:

| سال | ہر سال کے اختتام پر وائٹیلیٹی اسٹیٹس | 5 سال کے دوران جزوی دستبرداری | 5 سال کے لیے مجتمع انعام |
|---|---|---|---|
| 1 - 5 | سلور | ہاں | نہیں |
| 6 - 10 | سلور | نہیں | ہاں |

## اس پروڈکٹ کی فیس اور چارجز کیا ہیں؟

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | شرکاء سرمایہ کاری فنڈ یونٹس خریدنے پر رقم کا 5% |
| وکالۃ الاستثمار | شریکِ تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (شرکاء سرمایہ کاری فنڈ) کا 0.125% ہر ماہ شروع میں ماہانہ وصول کی جاتی ہے |
| مضارب کا حصہ | انفرادی PTF (اگر کوئی ہے) کی سرمایہ کاری آمدنی کا 40% حصص |
| زرتکافل میں تکافل آپریٹر کی انتظامی فیس | ہر ماہ زرتکافل کا 45% (تبرع یا COI) |
| انتظامی فیس | ہر ماہ فی رکنیت 250 روپے (اس میں سادہ منافع کے طریقہ کار کی بنیاد پر ہر سال 10% انتظامی اضافہ لاگو ہوگا) |
| وائٹیلیٹی فیس | *320 روپے ماہانہ فی فرد |
| جلدی دستبرداری پر وکالہ فیس (پی آئی اے کی شرح) | پہلے اور دوسرے سال: 50%<br>تیسرے سال سے آگے: کوئی نہیں |
| فنڈ منتقلی فیس | ہر بار فنڈ منتقلی پر 500 روپے |
| پروسسنگ فیس | ہر بار جزوی طور پر رقم نکلوانے اور مکمل دستبرداری پر 500 روپے فیس |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## ویلیوز کا خاکہ

مندرجہ ذیل خاکہ ایک 35 سالہ فرد کی کیش ویلیو کو ظاہر کرتا ہے۔ سالانہ زرتعاون 500,000 روپے ہے جبکہ رکنیت کی ادائیگی کی مدت 20 سال ہے جبکہ سم کورڈ ملٹپل جبکہ سم کورڈ ملٹپل 30 ہے۔

### یونٹ شرح نمو 6 فیصد

| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | برونز: وفات کے فوائد | برونز: کیش ویلیو بمعہ فوائد | سلور: وفات کے فوائد | سلور: کیش ویلیو بمعہ فوائد | گولڈ: وفات کے فوائد | گولڈ: کیش ویلیو بمعہ فوائد | پلیٹنم: وفات کے فوائد | پلیٹنم: بنیادی کیش ویلیو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 2,193,746 | 4,924,000 | 2,193,746 | 4,924,000 | 2,193,746 | 4,924,000 | 2,193,746 | 4,924,000 | 2,193,746 |
| 10 | 5,451,262 | 5,451,762 | 5,451,262 | 5,451,762 | 5,451,262 | 5,451,762 | 5,451,262 | 5,451,762 | 5,451,262 |
| 15 | 6,709,473 | 6,709,973 | 6,709,473 | 6,709,973 | 6,709,473 | 6,709,973 | 6,709,473 | 6,709,973 | 6,709,473 |
| 20 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 | 8,263,619 |

### یونٹ شرح نمو 9 فیصد

| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | برونز: وفات کے فوائد | برونز: کیش ویلیو بمعہ فوائد | سلور: وفات کے فوائد | سلور: کیش ویلیو بمعہ فوائد | گولڈ: وفات کے فوائد | گولڈ: کیش ویلیو بمعہ فوائد | پلیٹنم: وفات کے فوائد | پلیٹنم: بنیادی کیش ویلیو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 2,378,126 | 4,924,000 | 2,378,126 | 4,924,000 | 2,378,126 | 4,924,000 | 2,378,126 | 4,924,000 | 2,378,126 |
| 10 | 6,376,295 | 6,376,795 | 6,376,295 | 6,376,795 | 6,376,295 | 6,376,795 | 6,376,295 | 6,376,795 | 6,376,295 |
| 15 | 9,038,995 | 9,039,495 | 9,038,995 | 9,039,495 | 9,038,995 | 9,039,495 | 9,038,995 | 9,039,495 | 9,038,995 |
| 20 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 | 12,831,148 |

### یونٹ شرح نمو 11 فیصد

| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | برونز: وفات کے فوائد | برونز: کیش ویلیو بمعہ فوائد | سلور: وفات کے فوائد | سلور: کیش ویلیو بمعہ فوائد | گولڈ: وفات کے فوائد | گولڈ: کیش ویلیو بمعہ فوائد | پلیٹنم: وفات کے فوائد | پلیٹنم: بنیادی کیش ویلیو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 2,508,417 | 4,924,000 | 2,508,417 | 4,924,000 | 2,508,417 | 4,924,000 | 2,508,417 | 4,924,000 | 2,508,417 |
| 10 | 7,083,148 | 7,083,648 | 7,083,148 | 7,083,648 | 7,083,148 | 7,083,648 | 7,083,148 | 7,083,648 | 7,083,148 |
| 15 | 11,007,142 | 11,007,642 | 11,007,142 | 11,007,642 | 11,007,142 | 11,007,642 | 11,007,142 | 11,007,642 | 11,007,142 |
| 20 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 | 17,132,252 |

دعوی دستبرداری: برائے مہربانی نوٹ کرلیں خاکے میں دکھائی جانے والی تمام رقوم محض ایک تخمینہ ہیں اور اس کی کوئی گارنٹی نہیں ہے۔



## آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے بارے میں


IGI لائف انشورنس لمیٹڈ، جو پیکجز گروپ کا رکن ہے، اپریل 2014 میں امریکی لائف انشورنس کمپنی (پاکستان) لمیٹڈ میں حصص کو کنٹرول کرنے کے حصول کے ساتھ لائف انشورنس کے میدان میں اپنے قدم جمائے۔ پیکجز گروپ کی جانب سے قائم کردہ آئی جی آئی لائف پاکستان میں اپنی قسم کا واحد فیملی تکافل فراہم کرنے والا ادارہ ہے جو کہ کثیراتی ورثہ ہے، جواب پیکجز گروپ کے تجربے کے ساتھ مشہور کاروباری اداروں میں سے ایک ہے جس کے FMCG، دواساز اور پیکیجنگ سیکٹر میں معروف برانڈز کے ساتھ مشترکہ منصوبے ہیں۔

آئی جی آئی کے موجودہ پلانز میں فیملی تکافل پلانز، حادثاتی اور صحت کا تکافل، تنخواہ داروں کیلئے سہولیات شامل ہیں۔ IGI لائف ان چند کمپنیوں میں سے بھی ہے جنہوں نے 2015 میں ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت فیملی تکافل کا آغاز کیا، جو ہمارے صارفین کو شریعہ کمپلائنٹ کے مطابق سہولیات مہیا کرتا ہے۔

## وائیٹیلٹی گروپ کے بارے میں:

لوگوں کو صحت مند طرزِ زندگی مہیا کرنے کے عزم کے ساتھ وائیٹیلٹی گروپ اچھے نتائج کے لیے لوگوں کی بہتر صحت پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہے۔ ہم اسمارٹ ٹیکنالوجی، ڈیٹا، انعامات اور کرداری علوم (Behavioural Sciences) کے ملاپ سے انفرادی افراد اور اداروں میں صحت مند تبدیلی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ وائیٹیلٹی دنیا بھر میں تکافل آپریٹرز/ انشورر اور مستقبل کی سوچ رکھنے والے آجروں کے ساتھ کامیاب شراکت داری کے ذریعے عالمی نقطہ نظر رکھتی ہے۔ دنیا بھر کے 40 ممالک میں 30 ملین سے زائد لوگ وائیٹیلٹی پروگرام سے منسلک ہیں۔

آج، وائیٹیلٹی پروگرام 40 مارکیٹوں میں 30 ملین سے زائد افراد کی زندگیوں کو متاثر کرتا ہے۔





# کلیم کیسے داخل کیا جائے

## کلیم داخل کرنے کا طریقہ

کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے ممبرشپ کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جارہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کرسکتے ہیں۔

### پہلا مرحلہ—تحریری اطلاع

کلیم آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی ویب سائیٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جاسکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

ممبرشپ کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی پالیسی کے مالک/ دعویٰ کنندہ (جیسی بھی صورت ہو)، کی جانب سے اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعویٰ کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے

### دوسرا مرحلہ—کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں

وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارمز فراہم کردے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، شریک تکافل اور نامزد شریک تکافل کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی پورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف طلب کردہ دوسرے کاغذات کلیمز فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائیٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں/ رپورٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں یا طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائیڈ طبی سہولت دینے والے ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو، منسلک کرنا ہوگی۔

توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر/ جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جاسکتی ہے۔

### تیسرا مرحلہ

کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں

اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ہیڈ آفس کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کردیئے جائیں، جس کے لئے کلیم داخل کیا جارہا ہے۔

### چوتھا مرحلہ—سیٹلمنٹ

کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے اطمینان کے لئے مکمل کرلیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کلیم کی ادائیگی کردی جائے گی۔

### نوٹ

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ شریک تکافل کی طرف سے کلیم کی صورت میں تمام دستاویزات اور فارمز آپ کی رکنیت کے اصل تجویزی فارم/ سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔